مستلا شتنا تاز فرما قرآں عزیز باورو! افزا یکسب با
لآلی ی ل می کن بی ن رفق ی طبق این

کہ ہدیہ ... ترجمہ تحت لفظی اردو وصاف سلیس زبان با فوائد و عوائد روایات صحیحہ کار آمد و خط خان نامی

تفسیر اردو تفسیر حسینی

جلد دوم مسمی بہ

تفسیر قادری

جسکو بجناب ... طبع نہایت عمدگی کے ساتھ فخر العلماء ... روایت ترجمہ کیمیائے سعادت ... صاحب ...

صفا انطباع ... تابا و تجلی ہوا
ضیائی ... مطبع ... ن بی

اٰمَنُوْا اور وہ لوگ جو ایمان لائے وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اور کیے اونھون نے کام اچھے جیسے کھانا کھلانا قرابت ملانا وَاٰمَنُوْا
اور ایمان لائے بِمَا نُزِّلَ ساتھ اوس چیز کے جو بھیجی گئی ہو عَلٰی مُحَمَّدٍ پیغمبر پر جو خوب تعریف کیا گیا ہو وہ چیز قرآن ہو
وَّهُوَ الْحَقُّ اور وہ قرآن حق ہو یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صاحب حق اور صاحب حقیقت آئے مِنْ رَّبِّهِمْ اپنے رب پاس سے
پھر جو لوگ ایمان لائے قرآن یا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر كَفَّرَ مٹاتا اور چھپاتا ہو عَنْهُمْ اونسے سَيِّاٰتِهِمْ اونکے گناہ وَاَصْلَحَ
اور نیک کرتا ہو بَالَهُمْ ۝ اونکا حال ہر دین دنیا مین یا اونکے دل کی درستی اور اصلاح کر دیتا ہو تاکہ گنہگار نہو جائین ذٰلِكَ یہ گمراہ
کر دینا اور درست کر دینا بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا بسبب اسکے ہو کہ جو لوگ کافر ہوے اونھون نے اتَّبَعُوا الْبَاطِلَ پیروی کی باطل
یعنی شیطان کی وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اور وہ لوگ جو ایمان لائے اونھون نے اتَّبَعُوا الْحَقَّ پیروی کی حق کی کہ قرآن ہو جو اونپر آیا
مِنْ رَّبِّهِمْ اونکے رب پاس سے كَذٰلِكَ اسی طرح يَضْرِبُ اللّٰهُ بیان کرتا ہو اللہ لِلنَّاسِ لوگون کے واسطے اَمْثَالَهُمْ ۝ ربع
مثلین یعنی دونون فریق کے احوال ظاہر فرماتا ہو فَاِذَا لَقِيْتُمُ پھر جب ملو تم ای مومنو الَّذِيْنَ كَفَرُوا اون لوگون کو جو کافر ہوے
محاربہ اور مقاتلہ کے وقت فَضَرْبَ الرِّقَابِ تو گردن مارو اونکی گردن مارنا حَتّٰى اِذَآ اَثْخَنْتُمُوْهُمْ یہانتک کہ جب قتل کر چکو
اونکو فَشُدُّوا الْوَثَاقَ تو کڑی کرو قید یعنی اونکو گرفتار کر لو اور مضبوطی کے ساتھ قید کرو کہ بھاگ نہ جائین فَاِمَّا مَنًّاۢ بَعْدُ یا تو قید کرنے کے بعد
یا احسان کرو احسان کرنا اونکے اوپر بلا بدلے آزاد کر دو وَاِمَّا فِدَآءً یا فدیہ یعنی بدلا لو اونسے بدلا لینا حَتّٰى تَضَعَ الْحَرْبُ یہانتک کہ رکھ دین
لڑائی والے اَوْزَارَهَا ۛ ثقل ہتھیار اپنے یعنی سب جگہ دین اسلام پہونچ جائے اور قتال کا حکم نہ باقی رہے اور یہ بات حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معانقہ عند المتقدمین
نزول کے وقت ہوگی اسواسطے کہ حدیث مین آیا ہو کہ میری امت کا آخر جہاد دجال پر ہوگا امام شافعی اور امام محمد رحمہما اللہ تعالیٰ
اس بات پر ہین کہ امام کو اختیار ہو کہ کافرون کو قتل کرے یا لونڈی غلام بنائے یا چھوڑ دے یا مال یا مسلمان قیدی بدلے مین لے اور حضرت
امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کہتے ہین کہ یہ حکم منسوخ ہو یا جنگ بدر کے ساتھ مخصوص تھا اور اب قتل یا لونڈی غلام بنانا متعین ہو ذٰلِكَ یہ کام
استوار رکھو وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اور اگر خدا چاہے لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ تو ضرور بدلا لے تمھارے دشمنون سے بغیر اسکے کہ تمکو لڑنا پڑے وَلٰكِنْ
اور مگر جہاد کا حکم کیا لِّيَبْلُوَا تاکہ آزمائے بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ تم مین سے بعض کو بعض سے یعنی آزمانے والون کا معاملہ کرے کہ مومن کو
کافر کے ساتھ مبتلا کرے تاکہ مومن جہاد کر کے ثواب عظیم پائے اور کافر کو مومن سے آزمائے تاکہ کافر کی گوشمالی ہو اور وہ کفر سے باز آئے وَالَّذِيْنَ
قُتِلُوْا اور وہ لوگ جو قتل کیے جائین اور کرینے قٰتَلُوا پڑھا ہو یعنی جو لوگ قتال کرتے ہین فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خدا کی راہ مین فَلَنْ يُّضِلَّ
تو خدا باطل و ضائع نہین کرتا اَعْمَالَهُمْ ۝ اونکے کام سَيَهْدِيْهِمْ قریب ہو کہ راہ دکھائے اونھین حق تعالیٰ دنیا مین اچھے کامون کی
اور عقبیٰ مین کامیابی اور ثواب کے درجون کی وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝ اور بنا دے اونکے کام وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ
اور داخل کرے اونکو بہشت مین عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝ تعریف کرتا ہوا بہشت کی اونکے واسطے تاکہ اوسکے مشتاق ہو جائین
یا اونکے مکان جنت مین داخل ہونے سے قبل اونکو دکھاتا رہیگا یا خوش کرتا رہیگا اونکو جنت کی خوشبو سونگھانے کی جہت سے
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اے ایمان والو اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ اگر مدد کروگے خدا کے دین کی اور اوسکے پیغمبر کی